بہترین تفریحی فلم

کالا سمندر

اداکاران

جیراج ۔ چترا ۔ رادھکا

ہیرالعل ۔ ٹن ٹن

قیمت چھ نئے پیسے

تن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے کالا سمندر فلم کے

گانا نمبر ۱

جا رے جا سیّاں بے دردی

ارے جی چرا کے تُو نے آگ سی میرے دل میں بھر دی ۔ جا رے

تجھ جیسے دیکھے مجھے مسکرا کے
ہیں رکھے دبا دل دیوانہ بنا کے
اب نہ جتا رے جھوٹی ہمدردی ۔ جا رے

گر چہ لگی ہے تو جھک جائیں انکھیاں
گھر میں چھپ جا تو مجھے چھیڑیں سکھیاں
مشکل میں تو نے جان کر دی ۔ جا رے

ہم لوگ تو ہیں تیرے سیدھے سادے
سچ مان بیٹھے تیرے جھوٹے وعدے
ہیں تیرے قدموں میں جان دھر دی ۔ جا رے

گانا نمبر ۲:۔ جیسا ساگی دولی ، ستاروں کی ٹولی
کس کی ہے یہ بارات

یہ کون بھیجی ساجن کی ڈولی نہ جانے آج کی رات
یہ کس نے پہنے ریشمی گھونگھٹ نکالا آج
کس کے آنگن آئے ہیں چاند رے یہ بیٹھی لاج
مٹکا کے انکھیاں کرتا ہے یہ کون کس کے ساتھ

بن ٹھن کے چلی دُلہنیا جن کی نگری بابل کا چھوڑا دیش
دیکے جدائی کر ۔ لگالی سکھیوں نے من کو ٹھیس
تجھ مسکرا کے ... تو جا کے تنہائی سے یہ بات

گانا نمبر ۳ :- دیوانے کیا وحشی، تم نے کیا سودائی
اس جرم محبت پر کیا کیا نہ سزا پائی
وہ حسن پریشاں سا وہ عشق پریشاں سا
کیا کیا ہمیں یاد آیا جب یاد تیری آئی
اس ترک محبت کا کیا خاک بھروسہ ہو
جب سامنے تم آئے پھر چوٹ ابھر آئی
اے عشق بس اتنی ہے روداد محبت کی
آغاز ہے بے چینی انجام ہے رسوائی

گانا نمبر ۴ :- میری تصویر لیکر کیا کرو گے ۔ دل دیکر
تم میری تصویر لیکر ۔ نئی جاگیر لیکر جلتی تقدیر لیکر
چلے تو اب نہ جانے کب ملو گے ۔ سبب کوئی نئے گا نٹ بنو گے
نہ جانے کا نہ مرنے کا بہانا ۔ کٹے گا کیسے فرقت کا زمانہ
ہمیں دے جاؤ اک اپنی نشانی ۔ بڑی ہوگی تمہاری مہربانی
سکوں کی زندگی بے پیر ہو گی ۔ ہمارے پاس یہ تصویر ہو گی
میری تصویر بھی مجھ سی کہاں ہے ۔ کہ یہ بے جان ہے بے زباں ہے
تمہارے کام یہ نہ آسکے گی ۔ تمہارا دل نہ یہ بہلا سکے گی
جنوں میں تو گریباں چاک ہوگا ۔ کہ پروانہ تو جل کر خاک ہوگا
تمہارے سامنے جب ہم نہ ہوں گے ۔ غم تصویر سے تو کم نہ ہوں گے

یوں ہی تڑپو گے تم آہیں بھرو گے ۔ میری تصویر سے
بجائے بات پہ ہم مانتے ہیں ۔ نہ بہلے گی طبیعت جانتے ہیں
کریں گی حسرتیں فریاد اکثر ۔ کہ تم آیا کرو گے یاد اکثر
غم فرقت نہ ہوگا یوں گوارا ۔ مگر تھوڑا سا تو ہوگا سہارا
جدائی میں ملاقاتیں کریں گے ۔ کہ ہم تصویر سے باتیں کریں گے
میری یادوں کو سمجھو یادگاریں
خزاں میں بھی رہیں گی پھر بہاریں
خیالوں میں بسا لو میری مورت ۔ میری تصویر کی ہے کیا ضرورت
سماں خوابوں کا ہوتا ہے سہانا ۔ کبھی آنا کبھی مجھکو بلانا
ہمیں اک دوسرے کی دید ہوگی ۔ نگاہوں کی دلوں کی عید ہوگی
نہ مانو گے تو رو رو کے مرو گے ۔ میری تصویر لیکر کیا کرو گے
میری تصویر لیکر ——

بہلتے پر بنتے ہو بہانا ۔ دیوانے کو بناتے ہو دیوانہ
خدا جانے تمہیں انکار کیوں ہے
ہمیں پھر بھی تمہی سے پیار کیوں ہے
تم کے تڑپتا ہم کو چھوڑتے ہو بڑے بیدرد ہو دل توڑتے ہو
نہ ایسی بے وفا بے پیر ہوگی ۔ بھلی تم سے تو یہ تصویر ہوگی
گزارش آپ کے دلدار کی ہے
وجہ اک اور بھی انکار کی ہے
زمانے کی نگاہوں سے بچا کے ۔ اسے تم لاکھ رکھو گے چھپا کے
کسی دن دیکھ ہی لے گا زمانہ ۔ بڑا مشہور ہوگا یہ فسانہ

جو لوگوں کی زباں تک بات پہنچے
تو پھر کہاں تک بات پہنچے
کہو کیا پیار کر کے رسوا کرو گے ۔ میری تصویر لیکر کیا کرو گے
میری تصویر لے کر
ہمیں مجبور یہ رسوائیاں ہیں ۔ کہ ان سے بھی بری تنہائیاں ہیں
محبت کے نہیں دستور ایسے ۔ ہمیں جیتے نہیں منظور ایسے
وفا میں لوگ لٹاتے ہیں جانیں ۔ تمہیں عاشق بھلا ہم کیسے مانیں
شبہ ہو عشق میں تو امتحاں لو
میری تصویر نہ لو میری جان لو
کہو جان وفا اب کیا کہو گے
میری تصویر لے کر کیا کرو گے
زباں کیوں رک گئی ہے ۔ نگاہ کیوں جھک گئی ہے
اجی گھبرا گئے کیا ۔ کہو شرما گئے کیا
ابھی ہے رات باقی ۔ ابھی ہے بات باقی
ابھی سے ہار بیٹھے ۔ دل و جاں وار بیٹھے
نیا انداز کوئی ۔ نئی پرواز کوئی
لبوں کو سی لیا کیا جی غصہ پی لیا کیا
چلے تکرار آگے ، چلو سرکار آگے
نہ تصویر کیا بیٹھے رہو گے میری تصویر لے کر
گانا نمبر ۵ ۔ آپ کی باتیں آپ کی قسمیں سب جھوٹے افسانے ہیں
آپ سے ہم نے پیار کیا ہم بھی کتنے دیوانے ہیں

عہدِ وفا کے کیا ہیں تقاضے آپ کو یہ احساس کہاں
جو ہو ان جذبات سے واقف وہ دِل آپ کے پاس کہاں
آپ محبت اور وفا کی رسموں سے بیگانے ہیں
اِس کا نام محبت کیوں ہو یہ تو ایک الزام ہوا
کیا آغاز تھا افسانے کا لیکن کیا انجام ہوا
شمع وفا کے نور ہوئے اب دِل کے داغ جلانے ہیں

گانا نمبر ۱۶ ـ محبت کرو تو کرو چھپ چھپا کے
نہ چھیڑو یہ نغمہ کسی کو سنا کے
قدم یوں دھرو کوئی گھنگھرو نہ چھنکے
گلے یوں لگو کوئی چوڑی نہ کھنکے
اُٹھا دیں گے طوفاں یہ بندے خدا کے چلے جیسے وا ہماری بلا سے
چلیں گے رنگ کے ہنسیں گے ادا سے جو بزمے کرتے یہ بندے خدا کے
ہمیں ڈر ہے کیا جو ملے چھپ چھپا کے
محبت بُری شے بتاتے دلوں میں
ہم سب سے آگے ہیں نفرت کے فن میں
محبت کو سمجھتے ہیں تحفے سزا کے
محبت کے دم سے یہ دُنیا حسیں ہے
محبت نہیں ہے تو کچھ بھی نہیں ہے
کہیں گے یہ دُنیا سے نظریں ملا کے
جو لوگوں کا کہنا ہے حیا بات بری ہے
حقیقت ہے یہ اُن کی حالت بری ہے

وہ کہتے ہیں ہنستے کی عادت بری ہے
وہ روتے رہیں قسمت بری ہے
یہاں دل لگی اور شرارت بری ہے
جو سوچو تو جھوٹی شرافت بری ہے
کوئی کیسے فطرت کو رکھے دبا کے
گانا:۔ ہے منتر لگاتا ہے کیوں میرے دل کو بھڑکر
جانے تم ہے آدمی یا تانش کا ہے جوکر
منتر پڑھتا ہے کیوں میڈم ہوکر
نہ تو ہم تور ہے ترانہ ہے کوئی جوکر
دیکھو تو نظروں کا حسن بھی بیوٹی
بیچے بیوٹی۔ بیوٹی بھلے کام بھی ڈیوٹی
ہم بھی تو تیری نگوڑی موٹر
تیرے لئے بمبئی آیا چھوڑا ہم نے جھانسی
اس سے تو اچھا تھا مجھے لگ جاتی پھانسی
تمکو پھانسی لگتی تو ہم مر جاتا رو رو کر
جاتا ہے کہاں ایسے دیوانے نرالے۔ جمن
توبہ ہے مہری تو یہ تم نے لڑکی یا ٹن ٹن
ٹن ٹن کا مذاق اڑاتا ہے ماردی ہو کر

ختم شد

صنعت و حرفت ٹیکنیکل اور مکینک

دستکاریاں اور

مستری بنانے والی کتابیں

الیکٹرک گائڈ	4/-/-	ڈنکر مادرین	6/-/-
ورکشاپ گائڈ	4/-/-	الیکٹرک وائرنگ	4/-/-
موٹر گائڈ	4/-/-	خراد سکھنا	3/-/-
کروڈ آئیل	5/-/-	آئیل انجن گائڈ	5/-/-
کپڑے رنگنے کا ہنر	2/-/-	ٹریکٹر گائڈ	4/-/-
مکمل فوٹو گرافی	2/8/-	مستری پیمائش چوب	1/4/-
روشنائی سازی	2/-/-	کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/-
خوبصورت بنو	1/8/-	کاشتکاری باغبانی	4/-/-
نقل عطر سازی	2/-/-	مکمل مرغی خانہ سہ حصہ	4/-/-
گھڑی سازی	2/8/-	تمباکو کی دوکان	2/-/-
ریڈیو گائڈ	4/-/-	بوٹ پالش بنانا	2/8/-
صابون سازی	1/8/-	سینما سٹیج آپریٹر	4/-/-
شیشہ سازی	2/-/-	بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-
اچار مربے چٹنی	1/8/-	بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا	1/8/-
باورچی خانہ	2/8/-	آسان انگلش ٹیچر	2/-/-
مجموعہ فالنامہ	1/-/-	دھوپ اگربتی بنانا	1/8/-

متین اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی